PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 5th

Notice No. 55

Admitted Dated 02 / 07 /2024

Department **Higher Education**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 55

منجانب:۔ جناب عدنان خان، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ اعلیٰ تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ محکمہ اعلیٰ تعلیم نے پبلک سروس کمیشن کے ذریعے مئی 2022 میں ایڈ نمبر 5/2022 کے تحت مختلف لیکچررز کی آسامیاں مشتہر کی جس کے لیے صوبے کے غریب اور بے روزگار نوجوانوں نے پیسے جمع کر کے اپلائی کر لی ان میں سے کمپیوٹر سائنس اور پولیٹیکل سائنس کی آسامیوں کی بھرتی ہو چکی ہے مگر اس اشتہار کے باقی لیکچررز کے پوسٹوں کو بلاوجہ روکا گیا ہے جس سے لاکھوں نوجوانوں کا مستقبل خطرے میں ہے اور ان پاس شدہ امیدواروں کو احتجاج اور عدالتوں میں جانے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔

Session 5th

Notice No. 58

Admitted Dated 15 / 07 /2024

Department **Minerals Development**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 58

منجانب:۔ جناب اکرام اللہ، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ معدنیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ

Minerals Investment Facilitation Authority (MIFA) منرلز کی ریگولیٹری باڈی ہے لیکن حکومت تمام شراکت داروں کی نمائندگی کو نظرانداز کر کے خود فیصلے کر رہی ہے۔ معدنیات کی رائیلٹی میں بے پناہ 13 گنا اضافہ کر دیا گیا جو کہ چھوٹے سکیل لیز ہولڈرز پر بوجھ ہے۔(MIFA) نے پورا صوبہ کے لیزوں کی منرلز کوالٹی اور خریداروں کے ریٹس کا نہ معائنہ کیا اور نہ ہی سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی، اس طرح بے تحاشہ اضافہ سے منرلز کی خرید متاثر ہو گی جو نہ صرف لیز ہولڈرز بلکہ حکومت کیلئے بھی نقصان دہ ہو گا۔ اس وقت صوبہ بھر میں کل 3900 لیزوں میں سے بمشکل 600 لیز چل رہے ہیں اور بقایا لیزوں کو مختلف مسائل کا سامنا ہے۔